# وزیر اعظم کو قومی ایوارڈ سے نوازا گیا - "گرینڈ کمانڈر آف دی آرڈر آف نائجر"

17 نومبر 2024

اسٹیٹ ہاؤس میں منعقدہ ایک تقریب میں نائجیریا کے صدر عزت مآب جناب بولا احمد ٹینوبو نے وزیر اعظم جناب نریندر مودی کو ہندوستان اور نائجیریا کے تعلقات کو فروغ دینے میں ان کی سیاست اور شاندار خدمات کے لئے قومی ایوارڈ " گرینڈ کمانڈر آف دی آرڈر آف نائجر " سے نوازا۔ ایوارڈ میں کہا گیا ہے کہ وزیر اعظم کی دور اندیش قیادت میں ہندوستان کو ایک عالمی طاقت کے طور پر کھڑا کیا گیا ہے اور ان کی تبدیلی لانے والی حکمرانی نے سب کے لئے اتحاد ، امن اور مشترکہ خوشحالی کو فروغ دیا ہے۔

2.ایوارڈ قبول کرتے ہوئے وزیر اعظم نے یہ اعزاز ہندوستان کے عوام اور ہندوستان اور نائجیریا کے درمیان دیرینہ تاریخی دوستی کو وقف کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ اعزاز دونوں ممالک کے درمیان اسٹریٹجک شراکت داری اور گلوبل ساؤتھ کی امنگوں کے تئیں ان کے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتا ہے۔

3.وزیر اعظم جناب نریندر مودی 1969 کے بعد اس اعزاز سے نوازے جانے والے پہلے غیر ملکی رہنما ہیں۔

**ابوجا**

**نومبر 17, 2024**